احمدی احباب کی تعلیم و تربیت کیلئے

جمعرات 28 جولائی 2005ء

روزنامہ الفضل
ٹیلی فون نمبر: 213029
C.P.L 29
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

جمعرات 4 اگست 2005ء 27 جمادی الثانی 1426 ہجری 4 ظہور 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 175

ہر طرف سے حفاظت

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ صبح وشام یہ دعا کرتے تھے۔

اے اللہ میری حفاظت فرما میرے آگے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے دائیں طرف سے اور بائیں طرف سے اور میرے اوپر سے اور میں تیری عظمت کی پناہ چاہتا ہوں۔ کہ میں نیچے سے کسی عذاب کا مورد بنوں۔

(سنن ابی داؤد کتاب الادب باب مایقول اذا اصبح حدیث نمبر:4412)

داخلہ معلمین کلاس

☆ معلمین کلاس وقف جدید میں داخلہ کیلئے تحریری امتحان و انٹرویو مورخہ 15۔ اگست 2005ء بوقت 8:00 بجے صبح دفتر وقف جدید میں ہوگا۔

☆ داخلہ کیلئے میٹرک پاس کیلئے کم از کم C گریڈ سیکنڈ ڈویژن جبکہ ایف اے / ایف ایس سی کیلئے کم از کم D گریڈ ہونا لازمی ہے۔

☆ میٹرک پاس کیلئے زیادہ سے زیادہ عمر 20 سال اور ایف اے / ایف ایس سی پاس کیلئے 22 سال ہے۔

☆ انٹرویو کے وقت اصل سند ہمراہ لائیں۔ درخواست دہندگان میٹرک کے نتیجہ کا رزلٹ کارڈ / سند کی فوٹو کاپی فوری طور پر ارسال کریں۔

☆ کسی امیدوار کو نتیجہ کی اطلاع دینے کے بعد بھی انٹرویو کیلئے تفصیلی چٹھی نہ ملے اور وہ مندرجہ بالا شرائط کو پورا کرتے ہوں تو وہ بھی انٹرویو کیلئے مقررہ وقت پر تشریف لے آویں اور آنے سے پہلے فون فیکس یا تحریری طور پر اطلاع کردیں۔

خط وکتابت کرتے وقت شعبہ ارشاد وقف جدید کی سابقہ چٹھی کے نمبر اور تاریخ کا حوالہ ضرور دیں اور اپنا مکمل پتہ لکھیں۔

(ناظم ارشاد وقف جدید انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

فون: 047-6212968 فیکس 047-6214329

ضرورت سائنس ٹیچرز

☆ مجلس نصرت جہاں کو اپنے تعلیمی اداروں کیلئے خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے مخلص اساتذہ کی ضرورت ہے۔ جو سائنس کے مضامین پڑھا سکیں۔ فزکس، کیمسٹری، بیالوجی، ریاضی میں ایم ایس سی پاس مخلصین اپنی درخواستیں ضروری کاغذات کے ہمراہ بھجوائیں۔

سیکرٹری مجلس نصرت جہاں بالائی منزل۔ بیت الاظہار احاطہ دفاتر صدر انجمن احمدیہ ربوہ فون: 047-6212967

کلینک بند رہے گا

☆ طاہر ہومیوپیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ 18 اگست تا 27 اگست بند رہے گا۔ احباب مطلع رہیں۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

بلدیاتی انتخابات میں مذہب کی بنیاد پر فہرستوں کی تشکیل مخلوط انتخاب کی روح کے منافی ہے

جماعت احمدیہ بلدیاتی انتخابات میں کسی طور پر حصہ نہیں لے گی

ترجمان جماعت احمدیہ ملک خالد مسعود صاحب ناظر امور عامہ کی پریس ریلیز

ربوہ (پ ر) ترجمان جماعت احمدیہ ملک خالد مسعود صاحب نے کہا ہے کہ حکومت پاکستان کی طرف سے جداگانہ طریق انتخاب کو ختم کر کے بظاہر دوبارہ مخلوط طرز انتخاب اپنایا جا چکا ہے۔ لیکن عملاً بلدیاتی انتخابات کیلئے الیکشن کمیشن کی طرف سے جاری کردہ فہرست میں احمدیوں سے امتیازی سلوک روا رکھتے ہوئے محض مذہب کی تفریق کی بنا پر ایک الگ فہرست بعنوان قادیانی مرتب کی گئی ہے۔ ایسی فہرست کا اجراء احمدی پاکستانی شہریوں کو انتخابات سے الگ رکھنے اور ان کو بنیادی حقوق سے محروم کی ایک ارادی کارروائی ہے اور یہ تفریق حضرت قائداعظم کے فرمودات اور آئین پاکستان کی روح کے منافی ہے۔ اس بارہ میں جماعت احمدیہ صدر پاکستان، وزیراعظم اور چیف الیکشن کمشنر کو متعدد بار اپنے موقف سے آگاہ کر چکی ہے۔

ملک خالد مسعود صاحب نے کہا کہ ان انتخابات میں اقلیتوں کیلئے مخصوص نشستوں پر انتخاب میں حصہ لینا احمدی اپنے اعتقاد اور ضمیر کے برخلاف سمجھتے ہیں کیونکہ ان نشستوں پر انتخاب لڑنے کیلئے حضرت محمد ﷺ سے قطع تعلق کا اعلان کرنا پڑتا ہے اور یہ اعلان جماعت احمدیہ کے عقائد کے مطابق کسی طرح بھی ممکن نہیں۔ ان نشستوں پر اگر کوئی بطور احمدی حصہ لیتا ہے تو وہ کسی صورت میں احمدیوں کا نمائندہ نہیں کہلا سکتا اور نہ ہی احمدی اسے اپنا نمائندہ تسلیم کریں گے۔

ملک خالد مسعود صاحب نے کہا کہ اس صورت حال کے پیش نظر جماعت احمدیہ ان بلدیاتی انتخابات سے لاتعلقی کا اعلان کرتی ہے۔

مشعل راہ

ہاتھ سے کام کرنے کی روح کو دوبارہ زندہ کیا جائے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

میں خدام کو اس طرح توجہ دلانا چاہتا ہوں کہ آئندہ سالوں میں ہاتھ سے کام کرنے کی روح کو دوبارہ زندہ کیا جائے اور خدام سے ایسے کام کرائے جائیں جن میں وہ ہتک محسوس کرتے ہوں اور وہ کام انفرادی طور پر کرائے جائیں۔ جس وقت قادیان کے تمام خدام جمع ہوں اور وہ سب ایک ہی کام کر رہے ہوں تو انہیں اس وقت کسی کام میں ہتک محسوس نہیں ہوتی۔ کیونکہ ان کے دوسرے ساتھی بھی ان کے ساتھ اسی کام میں شریک ہوتے ہیں لیکن اگر ایک خادم اکیلا کوئی کام کر رہا ہو اور اس کے ساتھی اسے دیکھیں تو وہ ضرور ہتک محسوس کرے گا۔ میرا اس سے یہ مطلب نہیں کہ اجتماعی طور پر کوئی کام نہ ہو۔ بے شک اجتماعی طور پر بھی ہو لیکن انفرادی کام کے مواقع بھی کثرت سے پیدا کئے جائیں۔ مثلاً کسی غریب کا آٹا اٹھا کر اس کے گھر پہنچا دیا جائے یا کسی غریب کا چارہ اٹھا کر اس کے گھر پہنچا دیا جائے یا کسی غریب کی روٹیاں پکوا دی جائیں۔ جب خادم روٹیاں پکوانے جائے گا تو دل میں ڈر رہا ہوگا کہ مجھے کوئی دیکھ نہ لے اور اگر کوئی دوست اسے رستے میں مل جائے تو اسے کہے گا میری اپنی نہیں فلاں غریب کی ہیں۔ اس کا یہ اظہار کرنا اس بات کی دلیل ہوگا کہ وہ اس کام کو ہتک آمیز خیال کرتا ہے۔ یہ پہلا قدم ہو گا۔ اسی طرح بعض اور کام اسی نوعیت کے سوچے جاسکتے ہیں ایسے کام کرانے سے ہماری غرض یہ ہے کہ کسی خادم میں تکبر کا شائبہ باقی نہ رہے اور اس کا نفس مرجائے اور وہ اللہ تعالیٰ کے لئے ہر ایک کام کرنے کو تیار ہو جائے۔

ایک اور بات جو بہت زیادہ توجہ کے قابل ہے، وہ یہ ہے کہ خدام کی سختی کے ساتھ نگرانی کی جائے کہ وہ باجماعت نماز ادا کرتے ہیں یا نہیں۔ ابھی تک محلوں سے اطلاعات آتی رہتی ہیں کہ بعض خادم نمازوں میں سست ہیں اور باوجود بار بار کہنے کے اپنی اصلاح نہیں کرتے۔ زعماء کو چاہئے کہ ان کی طرف خاص توجہ کریں۔ خدام کے عہدیداران ان کے پاس جائیں اور انہیں سمجھائیں۔ اگر اس کے باوجود وہ توجہ نہ کریں تو محلّہ کے پریذیڈنٹ اور دوسرے دوست انہیں سمجھائیں۔ اگر اس کے بعد بھی وہ نمازوں میں سستی کریں تو ان کے نام میرے سامنے پیش کئے جائیں۔ یہ ایک بہت ضروری حصہ ہے خدام الاحمدیہ کے پروگرام کا۔

خدام الاحمدیہ کے پروگرام میں یہ بات بھی شامل ہونی چاہئے کہ خدام کی پڑھائی کا خیال رکھا جائے اور اس بات کی نگرانی کی جائے کہ کون کون خادم سٹڈی کے وقت گلیوں میں پھرتا ہے۔ اس بات کی نگرانی کے لئے کچھ خادم ہر روز مقرر کئے جاسکتے ہیں۔ ان کو جہاں کوئی خادم بازار میں پھرتا ہوا مل جائے، اسے پوچھیں کہ تمہارا اسٹڈی کا وقت ہے اور تم بازار میں کیوں پھر رہے ہو۔ اگر اس بات کی نگرانی کی جائے تو ایک تو طالب علموں میں آوارہ گردی کی عادت نہ رہے گی اور دوسرے وہ پڑھائی میں زیادہ دلچسپی لیں گے۔

(مشعل راہ جلد اول ص 439)

چھوڑ مت مجھ کو اکیلا میرے اللہ کبھی

میرے اللہ، کبھی مجھ کو اکیلا مت چھوڑ
آفتیں روز، زمانے کی ڈراتی ہیں مجھے
تجھ سے نزدیک نہ ہو جاؤں، ستاتی ہیں مجھے
اور رہ رہ کے بری راہیں دکھاتی ہیں مجھے
میرے اللہ کبھی مجھ کو اکیلا مت چھوڑ
چھوڑ مت مجھ کو اکیلا۔ مرے اللہ کبھی
تو نے خوشیوں میں مرا ساتھ دیا ہے پیارے
اور مصیبت میں عطا صبر کیا ہے پیارے
چاکِ داماں کو مرے تو نے سِیا ہے پیارے
میرے اللہ، کبھی مجھ کو اکیلا مت چھوڑ
چھوڑ مت مجھ کو اکیلا۔ میرے اللہ کبھی
ہے مری موت جدا ہونا تری ہستی سے
یہی پستی ہے مجھے دور رکھ اس پستی سے
تیرے میخانے میں رونق ہو مری مستی سے
میرے اللہ، کبھی مجھ کو اکیلا مت چھوڑ
چھوڑ مت مجھ کو اکیلا۔ مرے اللہ کبھی
مرا ہر عزم و ارادہ تیری قدرت کے نثار
میرے سب رنج و محن تیری محبت کے نثار
میرے جذباتِ محبت تری رحمت کے نثار
میرے اللہ، کبھی مجھ کو اکیلا مت چھوڑ
چھوڑ مت مجھ کو اکیلا۔ مرے اللہ کبھی
جب تجھے ڈھونڈوں تو پاؤں میں رگِ جاں کے قریب
جب ملے تو۔ تو ملے سوزشِ پنہاں کے قریب
رہے پیمانۂ دل۔ بادۂ عرفاں کے قریب
میرے اللہ، کبھی مجھ کو اکیلا مت چھوڑ

خواجہ بشیر احمد

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

تمام معاشرتی برائیوں کے پیچھے حسد کام کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے

بیرونی حاسدوں سے بچنے کے لئے اندرونی طور پر حسد کا خاتمہ ضروری ہے

حسد کے بالمقابل عفو اور درگزر کی صفات پیدا کریں

سیدنا حضرت خلیفة المسیح الرابع کی پُر معارف ہدایات

ہمارے معاشرہ میں باہمی تعلقات میں جدائیاں پیدا کرنے والے جتنے بھی جذبات ہیں یا جدائیاں پیدا کرنے والی جتنی بھی حرکات ہیں ان کے پیچھے آپ کو بسا اوقات حسد کام کرتا ہوا دکھائی دے گا۔ حسد انسان کو کمینہ بھی بنا دیتا ہے۔ حسد بالآخر نظر کو اتنا تنگ کر دیتا ہے کہ کسی کی خوشی برداشت ہی نہیں ہوتی۔ چنانچہ آپ کو بعض ایسے لوگ بھی ملیں گے جو بچیوں کو طعنے دیتے ہیں۔ مثلاً ایک غریب لڑکی کسی امیر گھر میں بیاہی گئی ہے اور وہ خوش ہوتی ہے کہ اس کو اچھا ماحول ملا، اس کو آرام نصیب ہوا، اس کو پہلے کھانا ٹھیک نہیں ملتا یہاں اچھا کھانا کھانے کو ملا۔ اب یہ بات ساس کو بھی تکلیف دے رہی ہے نندوں کو بھی تکلیف دے رہی ہے۔ کہتی ہیں اس کی حیثیت کیا تھی۔ ساس کہتی ہے میرے بیٹے کی وجہ سے کھا رہی ہے۔ نندیں کہتی ہیں ہمارے بھائی کی وجہ سے کھا رہی ہے۔ جب تک اس سے بدلہ نہ اتار لیں جب تک اس کی خوشی کو دکھ میں تبدیل نہ کر دیں ان کو چین نہیں آئے گا۔ بعض دفعہ تعریف کے بہانے ہی بات کرتی ہیں کہ بڑی اچھی صحت ہوگئی ہے، بڑی موٹی ہوگئی ہے، اس کے کپڑے تنگ ہو گئے ہیں۔ نند کہے گی ہاں بھائی جو خیال رکھتا ہے کھلاتا پلاتا ہے پہلے کہاں اس کو نصیب تھیں یہ باتیں۔ بے چاری نے جو کچھ کھایا پیا ہوتا ہے اس طرح وہ اس کو زہر میں بدل دیتی ہیں۔ تو حسد اچھی چیزوں کو پکڑتا ہے اور انہیں گندی چیزوں میں تبدیل کرتا چلا جاتا ہے۔ اس کے مقابل پر محبت ایک ایسا جذبہ ہے جو سچی انسانی ہمدردی سے عبارت ہے۔ یہ جذبہ اللہ تعالیٰ سے پیار اور اس کے تقویٰ کے نتیجہ میں پیدا ہوتا ہے۔ محبت بری چیزوں پر ہاتھ ڈالتی ہے اور ان کو اچھی چیزوں میں تبدیل کرنا شروع کر دیتی ہے۔ حضرت مسیح موعود نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں جو عجیب آسمانی گیت گائے ہیں ان میں اس بات پر بڑا زور دیا ہے کہ آپؐ نے گندے ماحول میں رہنے والے گندگی میں لت پت لوگوں کو اپنی مٹھی میں لیا اور ان کو چمکتے ہوئے سونے کی ڈلیوں میں تبدیل کر دیا۔ وہ لوگ جو سر تا پا گند میں ملوث تھے ان کو کندن بنا دیا۔ یہ تھے حضرت اقدس محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ! لیکن جو حسد کرنے والے لوگ ہوتے ہیں وہ سونے کی ڈلیوں پر ہاتھ ڈالتے ہیں اور ان کو گندگی میں تبدیل کرتے چلے جاتے ہیں۔

حسد اپنی کمین گاہ میں چھپا ہوا ہوتا ہے

پس ہر طرف نظر دوڑا کے دیکھ لیں آپ کو ہر رشتے میں، ہر تعلق میں، ہر معاملے میں نیکیوں میں بھی اور بدیوں میں بھی، دینی معاملات میں بھی اور دنیوی امور سے تعلق رکھنے والے روزمرہ کے انسانی تعلقات میں بھی ہر جگہ حسد اپنی کمین گاہوں میں چھپا ہوا دکھائی دے گا اور مختلف ناموں کے ساتھ حملہ کرے گا۔ کبھی یہ سوکناپا بن کے ظاہر ہو جائے گا، کبھی بغض وعناد بن کر ظاہر ہوگا کبھی عظیم مذہبی تحریک کی شکل اختیار کر لے گا اور کبھی فتنہ ارتداد کا محرک بن جائے گا گو بظاہر اس کا فتنہ، ارتداد مٹانے کے نام پر چل رہا ہوگا۔ غرض یہ عجیب وغریب بھیس بدلتا ہے اور جیسا کہ قرآن کریم نے بیان کیا ہے نتیجہ بالآخر ہر صورت میں یہی نکلتا ہے کہ حسد کرنے والے ہی کا نقصان ہوتا ہے۔ حسد کرنے والا ہی بالآخر مارا جاتا ہے۔ جہاں حسد پایا جائے وہاں کس گھولا جاتا ہے اور زہر پھیل جاتا ہے۔ ایک زہریلے سانپ کی طرح حسد دل کے تاریک گوشوں میں کنڈل مار کر بیٹھا رہتا ہے۔ جب بھی اسے موقع ملتا ہے یہ اپنے زہر کی کچلیاں آدمی کی رگوں میں داخل کر دیتا ہے اسی لئے فرمایا **مِن شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ**۔ یہاں بھی یہی نقشہ کھینچا ہے کہ حاسد کمین گاہ میں انتظار میں بیٹھا رہے گا۔ روزمرہ کی زندگی میں ہر وقت اس سے شر ظاہر نہیں ہوتا کیونکہ ایک حاسد بسا اوقات خوبیوں کا مالک بھی ہوتا ہے۔ بعض دفعہ ایک حاسد خود غریب کی خدمت کر رہا ہوتا ہے۔ کچھ انسانی ہمدردیاں بھی رکھتا ہے لیکن جن سے حسد ہے ان کی ہر بات اس کو بری لگ رہی ہوتی ہے اسی لئے فرمایا **مِن شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ** ایسے فتنہ پرداز کے فتنے سے بچنے کی دعا کرو جو نقصان پہنچانے کے لئے موقع ملنے کے انتظار میں بیٹھا رہتا ہے۔

ایسے لوگ بظاہر نیک نظر آ رہے ہوں گے، بظاہر ان کی طرف سے کسی دوسرے کو شر نہیں پہنچ رہا ہوگا لیکن وہ اگر تم سے حسد کرتے ہیں تو خبردار! کوئی ایسا وقت آئے گا جب ان کو موقع ملے گا تو وہ حسد کی کچلیاں ضرور تمہاری رگوں میں داخل کر دیں گے۔ اس لئے تم اپنے رب سے دعا مانگو کہ وہ تمہیں ان کے اس شر سے بچائے۔ یہ سارا مضمون Consistent یعنی مربوط انداز میں چل رہا ہے، ایک دوسرے کے ساتھ مطابقت کھاتا ہے حسد کو خدا تعالیٰ نے ایک مخفی زہر کے طور پر ظاہر فرمایا ہے اور چونکہ بسا اوقات انسان اپنے مخفی دشمن سے آگاہ نہیں ہو سکتا یا اکثر لوگ یہ استطاعت نہیں رکھتے کہ چھپے ہوئے دشمن سے آگاہ ہو جائیں اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کا اصل علاج یہ فرمایا ہے کہ تم مجھ سے دعا مانگو اور بار بار میری طرف توجہ کرو اور یہ کہا کرو **مِن شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ** اے بچانے والے! ہمیں ہر حاسد کے شر سے بچا جب وہ حسد کرنے پر تل جائے کیونکہ ہمیں تو پتہ نہیں کہ وہ حاسد کون ہے۔ ہمیں یہ بھی پتہ نہیں کہ وہ حسد کب کرے گا اور کس رنگ میں کرے گا۔

بیرونی حاسدوں کے شر سے بچنے کا طریق

پس حسد کی یہ ایک عمومی تصویر ہے جو قرآن کریم نے کھینچی ہے جس کے پیش نظر میں جماعت کو متنبہ کرتا ہوں کہ اگر وہ بیرونی حاسدوں سے بچنا چاہتے ہیں تو اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ اندرونی طور پر حسد کا قلع قمع کریں ورنہ اس بات کا کوئی جواز نہیں ہے کہ آپ خود حاسد ہوں اور اللہ تعالیٰ آپ کو حاسدوں سے بچائے۔ حاسدوں سے بچائے جانے کی شرط یہ رکھ دی **فَاعْفُوْا وَاصْفَحُوْا** یعنی تم میں حاسد کے بالمقابل صفات پائی جانی ضروری ہیں۔ حسد کے بالمقابل عفو اور درگزر کی دو صفات رکھی گئی ہیں۔ برائی کو بعض دفعہ دیکھتے ہوئے بھی انسان اس سے اغماض کرتا ہے۔ وہ اپنی آنکھیں پھیر لیتا ہے جبکہ حسد ان کو نمایاں کرتا ہے۔ حسد جرم کو بخش نہیں سکتا بلکہ انتظار کرتا ہے کہ کب کوئی جرم کرے اور پھر میں حملہ کروں۔ لیکن حسد کے برعکس صفات یہ ہیں کہ انسان جہاں تک خدا اس کو اجازت دیتا ہے جرم کو معاف کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ اس کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اگر تم ایسا کرو گے .... پھر ضرور خدا اپنے امر کو لے کر آئے گا اور تمہیں غلبہ عطا فرمائے گا۔

پس قرآن کریم نے یہ جو بیچ کا رستہ دکھایا ہے اس میں سے گزرے بغیر حسد سے بچنے کی توقع رکھنا یا یہ توقع رکھنا کہ خدا کسی کو حسد سے بچا لے گا۔ یہ درست نہیں۔ قرآن کریم نے جو شرطیں بیان کی ہیں ان کو پورا کرنا پڑے گا اس لئے آج کے دور میں احباب جماعت پر پہلے سے بہت زیادہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ ہر رنگ میں حسد سے بچیں۔ یہ ایک ایسی برائی ہے جس کے پردے چاک کرنا نیکی ہے، یہاں ستاری نیکی نہیں۔ حسد جہاں بھی ہو اور جس بھیس میں لپٹا ہوا دکھائی دے اس کے پردے پھاڑ دیئے جائیں، اس کو ننگا کر کے دنیا کے سامنے ظاہر کر دیا جائے کیونکہ بعض کیڑے ایسے ہیں جن کا علاج ہی دھوپ دکھانا اور ہوا لگانا ہوا کرتا ہے۔ حسد کو اگر آپ ننگا کر کے ظاہر کر دیں تو یہ ایسا کیڑا ہے جو پھر بچتا نہیں۔ یہ جتنا پردوں میں چھپا ہوا ہو جتنا اندھیروں میں رہے اتنا زیادہ طاقتور ہوتا چلا جاتا ہے اور اتنا زیادہ اس کا حملہ خطرناک ہو جاتا ہے۔ اس لئے احباب اس کا تجزیہ کرتے رہیں اور اپنے نفس کو کھنگالتے رہے۔ اندرونی طور پر حسد کا جذبہ جہاں بھی آپ کو کسی بات کے پیچھے محرک دکھائی دے وہیں اس کا سر کچل دیں۔ اتنی بات کریں جو خالصتہً نیکی کے نتیجہ میں دل سے پیدا ہوتی ہے۔ ان محرکات کو اختیار کریں جو تقویٰ کے نتیجہ میں پیدا ہوتے ہیں اور جہاں بھی آپ دوسرے کی طرف سے تنقید میں حسد کا جذبہ دیکھیں اس کو پیار اور محبت سے سمجھائیں کہ تمہاری بات حق تو ہوگی مگر تم حق طریق سے نہیں کر رہے، اس کی وجہ اور ہے، ہمیں تمہارے اندر بغض دکھائی دے رہا ہے، یہی برائیاں جب دوسروں میں دیکھتے ہو تم خاموش ہو جاتے ہو پرواہ بھی نہیں کرتے لیکن فلاں شخص میں چونکہ یہ برائی آئی ہے اس لئے تم نے شور مچانا شروع کر دیا، اگر تقویٰ ہے اگر خدا کا خوف ہے تو عفو اور درگزر سے کام لو، محبت اور پیار سے اس کو سمجھانے کی کوشش کرو اور اگر پھر بھی اصلاح نہ ہو تو پھر خدا تعالیٰ نے برائیوں کی اصلاح کے جو طریقے مقرر فرمائے ہیں ان کو باقاعدہ اختیار کرو۔ اسی طرح اپنے اپنے گھروں میں خوب غور سے دیکھو کہ آپ کے تعلقات کسی سے خراب تو نہیں ہو رہے۔ اگر خدانخواستہ ایسا ہے تو اس کی وجہ معلوم کرنے کی کوشش کرو۔ بسا اوقات حسد کے نتیجہ میں تعلقات خراب ہو رہے ہوتے ہیں۔ حسد تھڑ دلی پیدا کرتا ہے۔ انسان کو بہت ہی چھوٹا اور کمینہ بنا دیتا ہے۔ اس لئے تم بڑے حوصلے والے انسان بنو۔ تم نے ساری دنیا کو فضل عطا کرنے ہیں اور (اعلیٰ اخلاق) اخلاق سکھانے ہیں۔ یہ دور اب بہت دور نہیں ہے وہ قریب سے قریب تر آ رہا ہے۔ تمہیں اس کی تیاری کرنی پڑے گی، اپنے گھروں سے ان سب گندگیوں کو صاف کرنا پڑے گا تاکہ آپ کے مہمان صاف ستھرے اور پاکیزہ ماحول میں تمہارے مہمان بن کر آئیں۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔

(ضمیمہ ماہنامہ تحریک جدید مارچ 1987ء)

پاکستان میں پلاسٹک و کاسمیٹک سرجری کے مختلف پہلو اور رجحانات

معروف احمدی پلاسٹک سرجن ڈاکٹر مبرور بھٹی صاحب کا انٹرویو

(ترجمہ: محمد محمود طاہر صاحب)

پاکستان کے مؤقر انگریزی اخبار روزنامہ ڈان کراچی کے ہفتہ وار میگزین دی ریویو (The Review) شمارہ 19 تا 25 مئی 2005ء میں معروف پلاسٹک و کاسمیٹک سرجن ڈاکٹر مبرور بھٹی صاحب آف کراچی کا باتصویر انٹرویو شائع ہوا ہے۔ ان کی شخصیت کا تعارف شہناز رمزی نے تحریر کیا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے انٹرویو کا ترجمہ ہدیہ قارئین کیا جارہا ہے۔ انٹرویو کا عنوان ہے ''طلسمی ہاتھوں والا شخص''۔

(ترجمہ: محمد محمود طاہر صاحب)

پلاسٹک سرجن ڈاکٹر مبرور بھٹی اپنے پیشہ کی چلتی پھرتی تصویر اور شناخت ہیں۔ 47 سال عمر ہونے کے باوجود وہ نوجوان دکھائی دیتے ہیں اور اپنی فٹنس کی وجہ سے اپنی عمر سے دس سال چھوٹے لگتے ہیں۔ آپ جب ان سے گفتگو کریں گے تو ان کی پریکٹس اور شخصیت سے متاثر ہوئے بغیر نہیں رہ سکتے۔

ڈاکٹر مبرور بھٹی 1958ء میں کراچی میں پیدا ہوئے اور کنٹونمنٹ پبلک سکول میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد سندھ میڈیکل کالج سے ایم بی بی ایس پاس کیا۔ 1984ء میں لیاقت نیشنل کراچی سے ہاؤس جاب کرنے کے بعد انگلستان روانہ ہوگئے۔ وہاں پلاسٹک سرجری میں وسیع تربیت اور کورسز کرنے کے بعد آپ 1990ء میں پلاسٹک سرجن بن گئے اور انگلینڈ میں ہی اپنی پرائیویٹ پریکٹس کا آغاز کیا۔

ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ میں 1998ء میں پاکستان آیا تاکہ یہاں اپنی پریکٹس کا جائزہ لے سکوں۔ اب میرے والدین بھی بوڑھے ہورہے تھے۔ اگرچہ انہوں نے میری وطن واپسی کے بارہ میں کبھی دباؤ نہیں ڈالا اس لئے بھی نہیں کہ میری اہلیہ برطانوی نژاد ہیں لیکن میں جانتا تھا کہ میرے والدین یہی چاہتے ہیں کہ میں پاکستان آجاؤں۔ تب میں نے سوچا کہ میں دو سال کے لئے پاکستان آجاؤں اور اگر یہاں سیٹ نہ ہوسکا تو واپس انگلینڈ چلا جاؤں گا۔

ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ دو سال میں اپنے آپ کو منوانے کے لحاظ سے بہت مشکل وقت تھا کیونکہ لوگ تو اس عمل جراحی اور سرجری کے لئے انگلستان کا رخ کرتے تھے اور میں جو کہ انگلستان میں پلاسٹک سرجن بنا اس عمل کو لوگوں کے لئے یہاں مقامی طور پر مہیا کررہا تھا۔ بہرحال میں اپنے فیصلہ پر حیران ضرور تھا لیکن اس بات کا بھی یقین تھا کہ حالات تبدیل ہو جائیں گے۔

ڈاکٹر صاحب جب سے پاکستان آئے ہیں لیاقت نیشنل ہسپتال کراچی میں کنسلٹنٹ کے طور پر کام کرنے کے ساتھ ساتھ اپنی پرائیویٹ پریکٹس بھی کررہے ہیں۔ شروع شروع میں آپ انگلستان جاکر اپنے مریضوں کو بھی دیکھا کرتے تھے لیکن اب تقریباً اپنی انگلینڈ کی پریکٹس کو ختم کرچکے ہیں تاہم اب آپ سال میں دو بار انگلستان جاتے ہیں اور وہاں اپنے پرانے مریضوں کا علاج کرنے کے ساتھ ساتھ مختصر وقت کے لئے ہسپتال میں کنسلٹنٹ کے طور پر بھی کام کرتے ہیں تاکہ آپ اس بات کو یقینی بناسکیں کہ آپ مغرب کی ترقی کے ساتھ ساتھ اپنے آپ کو ہم آہنگ رکھ رہے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ انگلینڈ میں سال میں دو دفعہ جانے سے میری پیشہ وارانہ مہارت صحیح سمت میں جارہی ہے۔

ڈاکٹر مبرور بھٹی محسوس کرتے ہیں کہ گزشتہ پانچ سالوں میں پلاسٹک سرجری کے رجحان میں غیرمعمولی اضافہ ہوا ہے۔ پلاسٹک سرجری کے دو پہلو ہیں۔ ابنارمل یا مضروب اعضاء کو درست کرکے نارمل کرنا اور دوسرا پہلو کاسمیٹک سرجری سے تعلق رکھتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب موصوف دونوں قسم کی سرجری لیاقت نیشنل اور معصومین ہسپتال میں کرتے ہیں۔ پرائیویٹ پریکٹس میں آپ زیادہ تر کاسمیٹک سرجری کی پریکٹس کرتے ہیں جوکہ سرجیکل اور نان سرجیکل دونوں طرح سے ہوتی ہے۔ اس کا فیصلہ ڈاکٹر صاحب کرتے ہیں کہ مریض کو کس قسم کے علاج کی ضرورت ہے لیکن اگر مریض نفسیاتی طور پر مذکورہ علاج سے مطمئن نہ ہو تو ڈاکٹر صاحب انہیں دباؤ کے تحت علاج تجویز نہیں کرتے۔

ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ کاسمیٹک سرجری میں مریضوں کی زیادہ تر تعداد چربی کے خاتمہ (Liposuction)، ناک، کان اور آنکھوں کی درستگی کے لئے آتی ہے۔ اسی طرح جسم کے دوسرے ابھاروں اور اعضاء کے اتار چڑھاؤ کے علاج کے لئے بھی مریض آتے ہیں۔ لحمیاتی مادوں کے خاتمے کے لئے لوگوں میں رجحان بہت زیادہ ہے اور اس علاج کو کافی مقبولیت حاصل ہوگئی ہے۔ اس کی وجہ اس کا آسان طریق علاج ہے۔ مریض اس کے لئے دوپہر کو آتے اور شام کو اپنے گھر واپس بھی چلے جاتے ہیں۔ اس عمل کا نتیجہ ایک دن میں نہیں نکلتا بلکہ اس کے لئے ایک ماہ تو لگ جاتا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے نزدیک مختصر اور زود اثر طریق علاج کو زیادہ مقبولیت حاصل ہورہی ہے بہ نسبت اس کے کہ مریض لمبے عمل جراحی سے گزرے۔

جسم سے چربی کے مستقل خاتمہ کے حوالہ سے ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ یہ مریض پر منحصر ہے کہ وہ کس طرح اپنی غذا کو کنٹرول میں رکھتا ہے۔ اگر لحمیاتی خلیوں کے علاج کے ذریعہ ہٹائے جانے کے بعد غذا پر کنٹرول نہ ہوگا تو یہ خلیئے زیادہ بڑھ جائیں گے۔ ڈاکٹر صاحب کے ایسے مریض جو علاج کے لئے سرجری نہیں کروانا چاہتے ان کا تعلق دولت مند گھرانوں سے ہے جن میں خانہ داری سے متعلق خواتین یا اپنا پرائیویٹ بزنس چلانے والے ہیں۔ جبکہ عمل جراحی سے علاج کروانے والوں کی اکثریت متنوع طبقات پر مشتمل ہے جن میں متوسط طبقہ اور اس سے بھی کم سطح کے لوگ ہوتے ہیں۔

لیزر کے ذریعہ جسم سے بال ہٹانے کے عمل کے بارہ میں ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ پاکستان میں اس عمل سے بعض پیچیدگیاں بھی پیدا ہوئی ہیں۔ مثلاً جلن، زخم یا خراش یا نشانات کا ظاہر ہوجانا۔ ڈاکٹر صاحب کے نزدیک بھوری جلد کے لئے لیزر کا استعمال مناسب نہیں تاہم سفید جلد کے لئے ٹھیک ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ میں انگلینڈ میں لیزر سے علاج کرتا تھا تاہم ایشیائی باشندوں کے لئے لیزر کا استعمال نہیں کیا کرتا۔

جسم کے مختلف ابھاروں کی سرجری اور پھر اس کے بعد اس میں کینسر کے خدشات کے بارے میں ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ اس حوالہ سے کینسر ہونے کا حتمی ثبوت باوجود تحقیق کے سامنے نہیں آیا۔ تاہم اس قسم کے عمل میں ہمیشہ خطرہ موجود ہوتا ہے اگر یہ عمل جراحی درست ہاتھوں میں نہ ہورہا ہو۔ مثلاً اگر چربی کے خاتمہ کا علاج بھی صحیح نہ کیا جائے تو اس سے جسم میں بے ضابطگی جیسی پیچیدگی پیدا ہوسکتی ہے۔

ڈاکٹر صاحب کا کہنا ہے کہ خواتین کے علاوہ مردوں میں پلاسٹک اور کاسمیٹک سرجری کروانے کے رجحان میں اضافہ ہورہا ہے۔ ڈاکٹر صاحب کے پندرہ سے بیس فیصد مریضوں کی تعداد مرد حضرات پر مشتمل ہے جوکہ چربی کے خاتمہ، بال لگوانے اور جسم کی خوبصورتی کے لئے دیگر علاج کے لئے آتے ہیں۔ مردوں کی تعداد میں دن بدن اضافہ ہورہا ہے اس وجہ سے ڈاکٹر صاحب نے مردوں کے لئے ایک علیحدہ کلینک کھولا ہے تاکہ وہ بغیر کسی روک و ہچکچاہٹ کے علاج کرواسکیں۔ ڈاکٹر صاحب کے مریض صرف کراچی یا گردونواح سے ہی نہیں آتے بلکہ لاہور، اسلام آباد اور دوسرے علاقوں سے بھی آتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب کے نزدیک پلاسٹک سرجری میں ہیئر ٹرانسپلانٹ (سرجری کے ذریعہ بالوں کو ایک جگہ سے لے کر دوسری جگہ لگانا) ایک زبردست کامیابی ہے۔ ہیئر ٹرانسپلانٹ کے عمل میں ہم آرٹ کا کام کرتے ہیں جس میں بالوں کے اکیلے غدے کو لے کر گنجے حصہ میں لگاتے ہیں۔ اس کے نتائج حیران کن حد تک اچھے نکلے ہیں اور یہ عمل مریض کے روپ کو بدل کر رکھ دیتا ہے اور وہ بالکل نیچرل دکھائی دیتا ہے۔ بال لگانے کا یہ سارا عمل درد کے بغیر ہوتا ہے اور یہ عمل جراحی ایک ہی نشست میں مکمل کرلیا جاتا ہے۔

چربی ختم کرنے کے علاج کے بارہ میں ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ اس علاج کے عورتوں کی نسبت مردوں میں زیادہ اچھے نتائج نکلے ہیں کیونکہ عورتوں میں زچگی کی وجہ سے جسم کے بعض ٹشو ٹوٹ جاتے ہیں۔

ڈاکٹر صاحب نے پاکستان میں غیرملکی سرجنز پر انحصار کے حوالہ سے اظہار خیال کیا کہ ہم کب تک غیرملکی پلاسٹک سرجنز پر انحصار کرتے رہیں گے۔ ہم نے اللہ تعالیٰ کے فضل سے ایک ہفتہ کے اندر دولخت اعضاء کو جوڑنے کے 40 مفت آپریشن کئے ہیں اور بڑی خاموشی کے ساتھ یہ انسانی خدمت سرانجام دی اور اس کے لئے کوئی نمود و نمائش یا پراپیگنڈا نہیں کیا گیا۔ لیکن جب بیرون ممالک کوریا وغیرہ سے ڈاکٹرز کو اس کام کے لئے بلایا جاتا ہے تو اعلیٰ سرکاری سطح پر ان کا استقبال اور پھر ان کی میڈیا وغیرہ میں کوریج پر ڈھیروں اخراجات آتے ہیں۔ ہمارے ڈاکٹرز بھی قابل ہیں اور وہ مفت علاج بھی کرتے ہیں۔ ڈاکٹر صاحب نے اپنے بارہ میں اس حوالے سے بتایا کہ میں جب سے پاکستان آیا ہوں میں نے اپنی خدمات معصومین ہسپتال کھارادر کراچی کو پیش کی ہوئی ہیں۔ یہ ہسپتال مریضوں کا مفت علاج کرتا ہے۔ میں ہفتہ میں ایک دن Leprosy (کوڑھ) کے ہسپتال میں بھی جاتا ہوں۔ پلاسٹک سرجری میں میں اکیلا ہی ڈاکٹر نہیں اور بھی سرجنز موجود ہیں۔ مقامی سرجنز جن کا کم ازکم پندرہ سال کا تجربہ ہو اور بیرون ملک بھی وہ کام کا تجربہ رکھتے ہوں تو ان پر انحصار کیا جانا چاہئے۔ ڈاکٹر صاحب نے انٹرویو کے دوران اس حوالہ سے کہا کہ یہ بھی حقیقت ہے کہ مقامی ڈاکٹر ''خبریں'' نہیں بنا سکتا شاید اس کے لئے غیرملکی ہونا ضروری ہے! البتہ غیر ممالک سے ایسے ماہرین بلوائے جائیں جن ماہرین کی یہاں سہولت نہیں ہے مثلاً انسانی کھوپڑی (Skull) کی درستگی کے لئے سرجنز یہاں نہیں ہیں۔ تاہم یہ امر زیادہ ضروری ہے کہ ہمارے اپنے ڈاکٹرز ان شعبوں میں مہارت حاصل کریں۔

ڈاکٹر صاحب نے بتایا کہ اس وقت ملک میں بہت سے ایسے ڈاکٹرز بھی ہیں جو کاسمیٹک سرجری میں پریکٹس کررہے ہیں حالانکہ وہ کوالیفائیڈ نہیں ہیں اور نہ ہی اس فیلڈ کے ماہر ہیں۔ اس کی ایک وجہ یہ ہے کہ ہمارے ہاں اس قسم کے امور چلانے اور ان کی نگرانی کے لئے کوئی اتھارٹی نہیں ہے جو بے ضابطگیوں اور غیرقانونی امور کا جائزہ لے اور ان کی نگرانی کرسکے۔ اس پر نگرانی تبھی ہوسکتی ہے جب مریض خود اپنے علاج کروانے سے قبل سرجن کی مہارت اور تعلیم وغیرہ دیکھ کر اپنے آپ کو محفوظ کرلے اور یہ یقین حاصل کرلے کہ سرجن کسی اچھی شہرت والے ہسپتال سے منسلک ہے۔ کیونکہ اچھے ہسپتال ملازمت سے قبل ڈگری اور مہارت کی اچھی طرح چھان بین کرلیتے ہیں۔

☆......☆......☆......☆

حضرت مسیح موعود کے رفیق اور مخلص محب

حضرت سیٹھ اسماعیل آدم صاحب (آف بمبئی)

مکرم ریاض محمود باجوہ صاحب

حضرت سیٹھ اسماعیل آدم صاحب، حضرت اقدس مسیح موعود کے ایک معروف سعید فطرت رفیق تھے۔ آپ کی نیک فطرت حق کی جستجو رکھتی تھی جس نے بالآخر اپنی مراد کو پالیا۔

آپ کا خاندان

حضرت سیٹھ اسماعیل آدم صاحب کا تعلق ہندوستان کی مشہور میمن قوم سے ہے۔ میمن قوم مسلمانوں میں سے متمول اور دنیوی وجاہت رکھنے والی شمار ہوتی ہے۔ یہ لوگ تجارت پیشہ ہیں۔ اور سمندر کے ساتھ ساتھ بڑے شہروں خاص طور پر بمبئی، کراچی، پونا، کولمبو، مدراس اور کلکتہ میں تجارتی کاروبار ہے۔ صدقہ و خیرات، خدمت خلق اور رفاہی کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے ہیں۔ عام معاملات میں دیگر کاروباری لوگوں کی نسبت اچھا نمونہ رکھنے والے ہیں۔

آپ کا مولد و مسکن

حضرت سیٹھ صاحب 1874ء میں بمبئی میں سیٹھ آدم صاحب کے ہاں پیدا ہوئے۔ یہیں کاروباری ماحول میں آپ نے تربیت پائی اور تجارت میں مصروف ہوگئے۔ آپ کی دکان بمبئی کی جامع مسجد سے ملحق تھی اور آپ نیلی چھتری والے تاجر مشہور تھے۔

آپ کے والد صاحب سندھ (سعید آباد ضلع حیدرآباد) کے مشہور بزرگ پیر رشید الدینؒ صاحب العلم عرف پیر جھنڈے والے کے مرید تھے۔

حضرت پیر ''صاحب العلم'' سے ملاقات

آپ کے والد صاحب حضرت سیٹھ صاحب کو بچپن ہی میں پیر صاحب کے پاس لے گئے۔ اور پیر صاحب سے عرض کی کہ اس کی بیعت لیں۔ پیر صاحب کے بیعت لینے سے قبل سیٹھ صاحب نے پیر صاحب سے دریافت کیا کہ بیعت کرنے سے کیا فائدہ ہوگا۔ پیر صاحب نے آپ کو سر سے پاؤں تک دیکھا اور توجہ فرما کر پانی لانے کا حکم دیا۔ جب پانی لایا گیا تو آپ نے دم کر کے سیٹھ صاحب کو پینے کے لئے دیا اور آپ کے والد صاحب کو کہا کہ تمہارا یہ لڑکا ایک بڑے بزرگ انسان کی بیعت کا شرف حاصل کرے گا۔

آپ کی بیعت کا پس منظر

آپ کی بیعت کا پس منظر بھی بڑا ایمان افروز ہے۔ 1893ء میں آپ کو حضرت مسیح موعود کے دعویٰ کا علم پنجاب کے ان اخبارات سے ہوا جن میں حضور کے خلاف مضامین شائع ہوا کرتے تھے۔ آپ نے حضور کے دعویٰ سے متعلق لوگوں سے معلومات حاصل کیں۔ پھر بعض تصانیف منگوا کر مطالعہ کیں۔ جن سے سچائی آپ پر واضح ہوئی۔ فیصلہ کن قدم اٹھانے سے پہلے آپ نے فارسی زبان میں ایک خط پیر صاحب ''پیر صاحب العلم'' (جھنڈے والے) کی خدمت میں بھیجا اور ان سے درخواست کی کہ ''ہم تو دنیادار ہیں اور روحانی آنکھ سے اندھے ہیں اور آپ لاکھوں انسانوں کے پیشوا اور راہنما ہیں۔ صاحب بصیرت ہیں۔ لہٰذا آپ حلفاً جواب دیں کہ مرزا غلام احمد صاحب قادیانی مدعی مہدویت و مسیحیت اپنے دعویٰ میں صادق ہیں یا کاذب۔ اگر آپ نے جواب نہ دیا اور سچے ہوئے اور ہم ہدایت سے محروم ہوگئے تو آپ خدا کے نزدیک اس کے ذمہ دار ہوں گے اور اگر وہ جھوٹے ہیں اور ہم نے نادانی سے ان کو مان لیا تو ہماری گمراہی کا وبال آپ کے سر ہوگا۔''

پیر صاحب نے اس خط کے جواب میں بصد القاب و آداب اپنی تین شہادتیں سیٹھ صاحب کو لکھ کر بھیجیں جن میں حضرت مسیح موعود کو سچا قرار دیا گیا۔

حضرت اقدس مسیح موعود نے حضرت پیر رشید الدین صاحب ''صاحب العلم'' کی خط و کتابت کا تذکرہ اپنی کتب انجام آتھم، تحفہ گولڑویہ اور حقیقۃ الوحی میں فرمایا ہے۔

آپ کی بیعت اور مخالفت

حضرت پیر صاحب کے خط سے صداقت کھل گئی اور جولائی یا اگست 1896ء میں حضرت سیٹھ صاحب نے تحریراً حضرت مسیح موعود کی بیعت کرلی۔ بیعت کے بعد آپ کی شدید مخالفت شروع ہوگئی۔ آپ نے اس مخالفت کا خندہ پیشانی سے مقابلہ کیا۔ ایک دفعہ آپ کو بعض علماء نے لکھا کہ ہم آپ کو اکیلے میں سمجھانے آئیں گے۔ آپ نے ان کی اس تجویز کو مان لیا۔ اور بجائے اس کے کہ وہ آپ کو کچھ سمجھاتے۔ آپ نے ان کو خوب دعوت الی اللہ کی۔

(الفضل 29 جنوری 1958ء ص 5)

ایک دفعہ آپ نے حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں لکھا کہ میں تین وقت ظہر، عصر و مغرب کی نمازیں ...... میں ادا کرنے جاتا ہوں لیکن تینوں وقت مجھے شدید گالیاں دی جاتی ہیں۔ آپ نے جواب میں تحریر فرمایا کہ

''آپ جمعہ کی نماز زین الدین ابراہیم صاحب انجینئر کے ساتھ پڑھا کریں۔ وہ مخلص احمدی ہیں اور باقی نمازیں آپ دکان ہی پر ادا کرلیا کریں۔''

(روزنامہ الفضل 29 جنوری 1958ء ص 5)

قادیان میں آمد

آپ 1898ء میں پہلی بار قادیان آئے۔ پھر 1900ء میں حضرت اقدس مسیح موعود کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ اس موقع پر عربی خطبہ کے سننے کا شرف بھی حاصل ہوا۔ جو ''خطبہ الہامیہ'' کے نام سے مشہور ہے۔ اس موقع پر (بیت) اقصیٰ میں نماز عصر کے بعد ایک گروپ فوٹو بھی لیا گیا تھا۔ جس میں حضرت مسیح موعود اور آپ کے خدام میں حضرت سیٹھ صاحب بھی شریک تھے۔ یہ فوٹو حضرت سیٹھ صاحب کے گھر میں تھا اور اس پر گیارہ اپریل 1900ء بعد نماز عصر بر موقع ''خطبہ الہامیہ'' لکھا ہے۔

حضرت سیٹھ صاحب گو تعلیمی لحاظ سے معمولی اردو اور گجراتی وغیرہ پڑھے ہوئے تھے مگر مذہبی معلومات، مطالعہ، اخبارات و رسائل اور کتب بینی کا بہت شوق تھا۔ خدا تعالیٰ کے فضل سے آپ بہت ذہین تھے۔ وسیع مطالعہ اور حضرت مسیح موعود سے عشق و محبت کے باعث آپ علم و عرفان میں ترقی کے ایک بلند مقام پر پہنچے ہوئے تھے۔

آپ کا تعلق عقیدت اور اخلاص

1902ء میں جب حضرت مصلح موعود کی پہلی شادی حضرت ڈاکٹر رشید الدین صاحب ...... کی صاحبزادی سے ہوئی تو آپ نے ایک سرخ رنگ کی ترکی ٹوپی عمدہ مخملی بنوائی اور اس پر یہ الہام لکھوایا۔ ''مظہر الحق والعلا (-) اور حضرت اقدس سے درخواست کی کہ نکاح کے وقت یہ ٹوپی دولہا کو پہنا دی جائے اس کے علاوہ ایک ریشمی اوڑھنی جس میں زریں فیتے وغیرہ ٹانکے تھے۔ دلہن کے لئے بھجوائی۔ اس کے جواب میں سیدنا حضرت مسیح موعود نے اپنے دست مبارک سے مندرجہ ذیل خط تحریر فرمایا۔

آپ کا محبت نامہ اور اخلاص کا تحفہ جو آپ نے برخوردار محمود اور بشیر کی شادی کی تقریب پر بھیجا ہے یعنی ایک ٹوپی اور ایک اوڑھنی پہنچ گیا ہے۔ میں آپ کے اس محبانہ تحفہ کا شکر کرتا ہوں اور آپ کے حق میں دعا کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ آپ کو دین اور دنیا میں اس کا اجر بخشے۔ آمین باقی خیریت ہے۔

والسلام

خاکسار مرزا غلام احمد عفی عنہ

ویسے تو حضرت سیٹھ صاحب کے پاس حضرت مسیح موعود کے متعدد خطوط تھے لیکن اس خط کے ساتھ آپ کو اس درجہ انس تھا کہ اسے اپنے سے جدا کرنا ہرگز گوارہ نہ فرماتے۔ ایک دفعہ حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی ایڈیٹر ''الحکم'' نے آپ سے یہ اصل خط مانگا مگر آپ نے اس کی فوٹو نقل اتار کر دی تھی۔ مگر خط کو تبرکاً اپنے پاس ہی رکھا۔

الفضل 29 جنوری 1958ء صفحہ 3 پر لکھا ہے کہ اس خط سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ آپ کی دوربین نگاہ نے حضرت مسیح موعود کی حیات مبارکہ میں ہی پیشگوئی مصلح موعود کے حقیقی مصداق کو پہچان لیا تھا۔

مولانا ابوالنصر آہ کا احمدیت قبول کرنا

مولانا ابوالکلام آزاد کے بڑے بھائی غلام یٰسین ''مولانا ابوالنصر آہ'' کی بیعت میں بھی آپ کی معاونت شامل تھی۔ حضرت سیٹھ صاحب بیان فرماتے ہیں کہ:۔

''1902ء میں مولانا ابوالنصر صاحب نے ایک خواب دیکھا کہ میں اور میرا چھوٹا بھائی ابوالکلام قادیان گئے ہیں۔ ...... مرزا صاحب سے ملاقات ہوئی۔ کچھ دینی مسائل میں مرزا صاحب سے گفتگو ہوئی۔ اس گفتگو کے دوران میں میرے بھائی ابوالکلام آزاد نے مرزا صاحب سے سخت کلامی کی۔ پاس ہی عینک لگائے ہوئے ایک بزرگ بیٹھے تھے ان کو سخت غصہ آیا اور انہوں نے ابوالکلام کو ڈانٹ کر کہا

چپ کس ہستی کے ساتھ بے ادبانہ کلام کرتا ہے۔ اس عینک والے بزرگ کی بڑی زوردار آواز تھی اور اس کی آواز میں ایک ہیبت تھی۔ جس سے فوراً میری آنکھ کھل گئی۔ مولانا ابوالنصر صاحب نے اپنا یہ خواب مجھے سنایا تو میں نے ان سے کہا کہ میرے پاس ایک گروپ فوٹو ہے۔ اس میں حضرت مرزا صاحب کی تصویر بھی ہے۔ میں خود بھی اس تصویر میں ہوں۔ اگر میں آپ کو دکھاؤں تو آپ اس بزرگ کو پہچان لیں گے؟ انہوں نے کہا ہاں مجھے ان کا چہرہ اچھی طرح یاد ہے۔ دو چار دن کے بعد حضرت سیٹھ صاحب فوٹو ان کے پاس لے گئے اور انہوں نے بڑے غور سے دیکھ کر اپنی انگلی سے اشارہ کرتے ہوئے ان کو بتایا کہ یہ مرزا صاحب ہیں۔ اور عینک لگائے ہوئے بزرگ جنہوں نے میرے بھائی کو ڈانٹا تھا وہ یہ ہیں۔ تب سیٹھ صاحب نے ان کو بتایا کہ ان کا نام مولوی عبدالکریم سیالکوٹی ہے۔ ان کی آواز بہت بلند ہے اور 1896ء میں لاہور میں جو جلسہ مذاہب عالم ہوا تھا اس میں حضرت مرزا صاحب کا مضمون سنانے والے یہی بزرگ ہیں۔ اس خواب کے تین سال بعد وہ اپنے چھوٹے بھائی کو لے کر 2 مئی 1905ء کو نماز ظہر سے قبل قادیان پہنچے اور نہایت عقیدت کے ساتھ حضور کی خدمت میں جہاں باغ میں

آپ مقیم تھے حاضر ہوئے۔ حضرت اقدس ان کا حال دریافت فرماتے رہے۔ اس کے بعد حضور نے ان کو بہت قیمتی نصائح فرمائیں جن سے وہ بہت متاثر ہوئے اور بیعت کرلی۔

(تاریخ احمدیت جلد سوم ص 409,408)

حضرت سیٹھ صاحب کی خدمات سلسلہ

(1) حضرت سیٹھ صاحب کو یہ امتیاز بھی حاصل تھا کہ جب سے احمدی احباب نے سمندر پار جانا شروع کیا تھا ان کی مہمان نوازی کے فرائض آپ بجالاتے رہے۔ چنانچہ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی جب مکہ معظمہ اور مصر کے سفر پر تشریف لے گئے تو آپ کو شرف میزبانی حاصل ہوا۔ پھر اس سفر میں حضرت میر ناصر نواب صاحب بھی آپ کے مہمان رہے (اسی طرح) ایک اور موقع پر حضرت مرزا سلطان احمد صاحب بھی آپ کے مہمان رہ چکے تھے۔

(تاریخ احمدیت جلد ہفتم ص 198)

8 ستمبر 1934ء کو جب حضرت صاحبزادہ مرزا ناصر احمد صاحب سفر ولایت کے لئے بمبئی پہنچے تو حضرت سیٹھ صاحب کے ہاں ناشتہ کیا۔ اس وقت حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی بھی ساتھ موجود تھے۔ (تاریخ احمدیت جلد ہفتم ص 198)

(2) حضرت خلیفۃ المسیح الثانی جب 16 اکتوبر 1938ء کو کراچی سے بحری جہاز کے ذریعہ بمبئی پہنچے تو جماعت احمدیہ بمبئی نے اپنے امیر حضرت سیٹھ اسماعیل آدم صاحب اور مقامی مربی سلسلہ حضرت مولانا ابوالعطاء صاحب کی قیادت میں حضور کا پُرتپاک خیر مقدم کیا۔ حضرت سیٹھ صاحب کو اس وقت بھی حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی میزبانی کا شرف حاصل ہوا۔ اپنے مکان پر آپ نے حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور دیگر مہمانوں کی دعوت بھی کی۔

(الفضل 19 اکتوبر 1938ء)

(3) حضرت خلیفۃ المسیح الثانی آپ کی بہت عزت واحترام کرتے تھے۔ 1933ء میں حضرت شیخ یعقوب علی صاحب عرفانی بمبئی کے پریذیڈنٹ تھے۔ مگر 1935ء میں حضرت شیخ صاحب کی موجودگی میں حضور نے پریذیڈنٹ کی بجائے امیر کا عہدہ منظور فرما کر حضرت سیٹھ صاحب کو بمبئی کا امیر مقرر فرما دیا۔ آپ 1948ء تک امارت بمبئی کے فرائض بجالاتے رہے۔ سوائے اس وقفہ کے جب کاروبار کی وجہ سے بمبئی چھوڑ کر پونا تشریف لے گئے۔

(ماہنامہ انصاراللہ مارچ 1997ء ص 33)

(4) آپ باوجود ضعیفی کے جمعہ اور جماعت کے دیگر اجتماعات میں شرکت فرماتے۔ پہلی بار مکرم چوہدری عبداللہ خان صاحب امیر جماعت احمدیہ کراچی جب بطور امیر منتخب ہوئے تھے اس جلسہ کی صدارت حضرت سیٹھ صاحب نے کی۔

(الفضل 29 جنوری 1958ء)

سیرت واخلاق

آپ بہت بااخلاق، ملنسار اور مہمان نواز تھے۔ مرکز سلسلہ سے آنے والے ہر شخص کی بے حد عزت کرتے اور ان کا خیال رکھتے۔ بنی نوع انسان کے بے حد ہمدرد تھے۔ آپ مستحق احباب کی مدد کرنے میں خوشی محسوس کرتے۔ 1900ء میں ایک احمدی سید محمد رضوی صاحب کسی وجہ سے نواب آف حیدرآباد دکن کے زیر عتاب تھے۔ وہ حیدرآباد دکن سے بمبئی آگئے۔ نواب صاحب کی کوشش تھی کہ رضوی صاحب ان کے سپرد کئے جائیں۔ مگر حضرت سیٹھ صاحب کی معاونت کی وجہ سے رضوی صاحب محفوظ رہے۔ آپ نے ان کے لئے اپنا وقت، اپنا اثر ورسوخ اور اپنا پیسہ بھی خرچ کیا۔ اور پھر رضوی صاحب سے اس پر کچھ نہ مانگا۔ مگر رضوی صاحب نے خود اصرار کرکے ایک ہزار روپیہ ادا کر دیا۔

خواجہ محمد اسماعیل صاحب اپنے مرتبہ رسالہ ’’حضرت سیٹھ اسماعیل آدم بمبئی والے‘‘ میں لکھتے ہیں کہ:۔

’’میں اپنے تجربہ کی بناء پر یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ جس قدر ایسے رفقاء سے ملنے اور ان کی صحبت میں رہنے کا موقعہ میسر آیا جو حضرت اقدس مسیح موعود کی صحبت میں رہے یا اکثر آکر فیضیاب ہوا کرتے تھے ان میں ایک خاص نور ایمانی پیدا ہو جاتا تھا۔ یہ چیز حضرت سیٹھ صاحب میں بھی بہت حد تک پائی جاتی تھی۔

آپ بہت عبادت گزار تھے۔ جمعہ کے روز دکان بند کرکے جمعہ پڑھانے جاتے اور کبھی ناغہ نہ کرتے۔ جماعتی اجلاسوں میں باقاعدگی سے شامل ہوتے۔ چندہ باقاعدہ ادا کرتے۔ سلسلہ کے کاموں کے واسطے بمبئی آنے والوں کی خاطر مدارت کرتے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو ایسا فراخ دل بنایا تھا کہ کبھی انقباض محسوس نہ کرتے بلکہ جو کام بھی آپ کے ذمہ لگایا جاتا بخوشی اسے سرانجام دیتے۔

حضرت سیٹھ صاحب کی وفات

بمبئی میں حضرت سیٹھ صاحب کی دکان بہت موقعہ پر تھی۔ کاروبار خوب چلتا تھا۔ پرچون بھی اور تھوک بھی۔ 1938ء میں آپ نے کولمبو میں بھی کاروبار شروع کیا اور اپنے بیٹے آدم اسماعیل صاحب اور ہاشم اسماعیل صاحب کو وہاں بھجوایا۔ مگر 1942ء میں جاپان کی بمباری میں دونوں بھائیوں کو جان بچا کر نکلنا پڑا۔ پھر اسی سال بوجہ خسارہ بمبئی میں بھی کاروبار بند کرنا پڑا۔ کاروبار بگڑنے سے آپ کو بہت صدمہ ہوا مگر آپ نے اس صدمہ کو صبر سے برداشت کیا۔

تقسیم ہند کے بعد 1948ء میں آپ کراچی آگئے تھے۔ 1953ء میں آپ کی صحت کمزور ہونا شروع ہوئی۔ بالآخر 7 دسمبر 1957ء کو کراچی ہی میں آپ کا انتقال ہوا۔ اور کراچی کے میمن برادری کے قبرستان میں تدفین ہوئی۔ آپ موصی بھی تھے اس لئے آپ کا کتبہ یادگار بہشتی مقبرہ قادیان میں نصب کیا گیا۔

رانا سعید احمد خان صاحب

موسم گرما کی بیماریوں کے لئے چند مجرب نسخے

کسی قسم کی بیماری کسی بھی موسم میں اگر اچانک اور تیزی سے شروع ہو اور شدید خوف دامن گیر ہو تو بلا تردد ایکونائٹ کا استعمال کرنا چاہئے۔ ایکونائٹ کو اگر رسٹاکس سے ملا کر دیا جائے تو یہ نسخہ بیماریوں کے آغاز میں اور بھی زیادہ مؤثر اور وسیع الاثر ثابت ہوتا ہے۔ یہ اسپرین کا بہترین بدل ہے۔ بھیگنے اور سردی لگنے پر نصف گھنٹہ کے وقفہ سے

Aconite + Rhustox 200 اور 200 Arnica + Bryonia ملا کر باری باری دینا چاہئے۔

اگر اچانک پیچش کے ساتھ خون کا عنصر نمایاں ہو تو Aconite 30 یا 200 کی طاقت میں اس پیچش میں بھی فوری فائدہ دیتی ہے خشک گرمی کی پیچش میں تو یہ لاجواب ہے۔

دل کی تکلیف میں Aconite (ایک قطرہ) اور Crataegus Q (10 قطرے) پانی میں ملا کر دیں تو اللہ کے فضل سے بہت مؤثر ثابت ہوتے ہیں۔ Aconite کی زیادہ مقدار خطرناک ثابت ہوسکتی ہے۔ اگر Aconite Q میں دستیاب نہ ہو تو دونوں دوائیں 30 میں ملا کر لینے سے بھی خدا کے فضل سے فائدہ ہوتا ہے۔

گرمیوں میں پیچش لگ جائے تو Aconite 30 یا 200

انتڑیوں سے خون بہنے لگے تو Aconite 30

جسم ٹھنڈا ہونے کے باوجود پسینہ اور اندرونی گرمی کا احساس Camphor 30

تیز دھوپ لگنے سے سر درد ہو تو Glonine 30-200

موسم گرما میں پانی زیادہ پینے سے دست 30 Gritoloa

دھوپ یا گرمی سے آواز بیٹھ جائے تو 200/30 ANTIM CRUD

گرمیوں میں آندھی وگرج سے ڈر کیلئے روڈ نیڈران 30

ٹھنڈا پانی پینے سے آواز بیٹھ جائے CROTON 30

گرمیوں کے موسم میں اگر دمہ ہو تو Syphilinum 100 یا 200

موسم گرما کی چھپاکی ہو تو Sulphur 200

گرم غذا کھانے سے اگر تکلیف ہو تو Pulsatilla 200

آئس کریم کھانے سے تکلیف ہو تو Arsenic Alb 200 یا 30

موسم گرما میں اسہال ہو تو Croton + Podophylum 30 میں

گرمیوں میں گرمی ناقابل برداشت ہو تو Secal Cor 30

گرمیوں میں تنگی تنفس ہو تو Apis 30

گرمیوں میں قبض ہو تو Bryonia 200

گرمی کی شدت سے آواز کی تکلیف ہو تو Bromium 30

مزید تفصیلات کے لئے یہ ویب سائٹ دیکھیں۔

www.howashafi.com/org/de

نیند کا خمار غائب ہوگیا

مکرم محمود احمد صاحب سنوری بیان کرتے ہیں کہ میں ایک دفعہ نواب محمد دین صاحب کے ہاں مہمان ہوا۔ تہجد کے وقت مجھے جگایا گیا اور نواب صاحب نے فرمایا آپ احمدی نوجوان ہوتے ہوئے تہجد نہیں پڑھتے آپ کو تہجد باقاعدگی سے پڑھنی چاہئے۔ میرے پاس جو بھی مہمان آتے ہیں میں عموماً انہیں تہجد کے وقت ضرور اٹھاتا ہوں آپ ساتھ والے کمرے میں جا کر وضو کریں اور تہجد کی نماز ادا کریں۔ میں نے آپ کے حکم کی تعمیل کی اور آئندہ آپ کی ہدایت پر عمل کرنے کے پختہ ارادے کے ساتھ نماز تہجد ادا کی۔ دوران نماز اللہ تعالیٰ سے دعا کی کہ آئندہ وہ مجھے نماز تہجد کی ادائیگی کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔ ڈرائیور اور خانساماں بھی (دونوں احمدی تھے) میرے ساتھ نماز میں شریک ہو گئے اور نواب صاحب ایک دوسرے کمرے میں نماز تہجد میں مصروف ہوگئے۔ نماز تہجد کے دوران حضرت نواب صاحب مرحوم نہایت دردناک لہجے میں احمدیت کی سر بلندی کے لئے دعا کرتے تھے۔ آپ کی آواز میں جو سوز وگداز اور انکساری اور عاجزی تھی وہ آج بھی میرے کانوں میں گونج رہی ہے۔ آپ کی آواز میں ایسی رقت تھی کہ میری طبیعت پر جو نیند کا خمار چھایا ہوا تھا وہ یک لخت غائب ہوگیا اور میں نے بھی نہایت خشوع وخضوع کے ساتھ دعا کی اور اللہ تعالیٰ سے اپنی کوتاہیوں کی معافی چاہی اور یہ احساس پیدا ہوا کہ ایک اعلیٰ افسر ہر لحاظ سے آسودہ اپنے خدائے بزرگ وبرتر کی یادکورات کے ان لمحات میں بھی فراموش نہیں کرتا اور اس کے برعکس میں ایک بے روزگار اور کمزور اور ضرورتمند انسان اللہ تعالیٰ کو بھلائے ہوئے ہوں۔ حضرت نواب صاحب مرحوم کی صحبت میں ادا کی ہوئی نمازیں آج بھی میرے دل ودماغ پر اثر انداز ہیں۔

(الفضل 4 ستمبر 1968ء)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 49289 میں امۃ المتین

بیوہ ملک ظفر احمد مجوکہ قوم مجوکہ پیشہ خانہ داری عمر 46 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شمالی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ترکہ خاوند زرعی اراضی 50/ایکڑ مالیتی فی ایکڑ 50 ہزار روپے۔2۔ترکہ خاوند زرعی اراضی 4/ایکڑ فی ایکڑ 2 لاکھ روپے واقع حویلی مجوکہ۔3۔ترکہ خاوند مکان 10 مرلہ مالیتی -/100000 روپے واقع حویلی مجوکہ۔4۔ترکہ خاوند مکان برقبہ ایک کنال واقع دارالصدر شمالی مالیتی 20 لاکھ روپے مندرجہ بالا ترکہ میں شرعی حصہ۔5۔حق مہر ادا شدہ -/600 حصہ۔6۔طلائی زیور 4 تولہ مالیتی -/40000 روپے۔س وقت مجھے مبلغ -/50000 روپے سالانہ آمد از جائیداد بالا ہے۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ امۃ المتین گواہ شد نمبر 1 سید طاہر محمود ماجد ولد سید غلام احمد نثار گواہ شد نمبر 2 عبدالمنان باجوہ ولد ضیاء اللہ باجوہ مرحوم

مسل نمبر 49290 میں شازیہ ظفر

بنت ملک ظفر احمد مجوکہ قوم مجوکہ پیشہ طالب علم عمر 27 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شمالی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ترکہ والد زرعی اراضی 50/ایکڑ فی ایکڑ پچاس ہزار روپے۔2۔ترکہ والد زرعی زمین 4/ایکڑ فی ایکڑ 2 لاکھ روپے۔3۔ترکہ والد مکان حویلی مجوکہ مالیتی ایک لاکھ روپے۔4۔ترکہ والد مکان دارالصدر شمالی 20 لاکھ روپے۔مندرجہ بالا ترکہ کا شرعی حصہ ورثاء والدہ 2 بھائی 3 بہنیں۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہو گی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ شازیہ ظفر گواہ شد نمبر 1 سید طاہر محمود ماجد کوارٹر صدر انجمن احمدیہ ربوہ گواہ شد نمبر 2 عبدالمنان باجوہ دارالصدر شرقی ب ربوہ

مسل نمبر 49291 میں عافیہ ظفر

بنت ملک ظفر احمد مجوکہ مرحوم قوم مجوکہ پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شمالی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔۔1۔ترکہ والد زرعی اراضی 50/ایکڑ فی ایکڑ پچاس ہزار روپے۔2۔ترکہ والد زرعی زمین 4/ایکڑ فی ایکڑ 2 لاکھ روپے۔3۔ترکہ والد مکان حویلی مجوکہ مالیتی ایک لاکھ روپے۔4۔ترکہ والد مکان دارالصدر شمالی 20 لاکھ روپے۔مندرجہ بالا ترکہ کا شرعی حصہ۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ عافیہ ظفر گواہ شد نمبر 1 سید طاہر محمود ماجد کوارٹر صدر انجمن احمدیہ ربوہ گواہ شد نمبر 2 عبدالمنان باجوہ دارالصدر شرقی ب ربوہ

مسل نمبر 49292 میں رابعہ ظفر

بنت ملک ظفر احمد مجوکہ قوم مجوکہ پیشہ طالب علم عمر 16 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالصدر شمالی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 04-6-1 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔ترکہ والد زرعی اراضی 50/ایکڑ فی ایکڑ پچاس ہزار روپے۔2۔ترکہ والد زرعی زمین 4/ایکڑ فی ایکڑ 2 لاکھ روپے۔3۔ترکہ والد مکان حویلی مجوکہ مالیتی ایک لاکھ روپے۔4۔ترکہ والد مکان دارالصدر شمالی 20 لاکھ روپے۔مندرجہ بالا ترکہ کا شرعی حصہ۔ اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ رابعہ ظفر گواہ شد نمبر 1 سید طاہر محمود ماجد کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ ربوہ گواہ شد نمبر 2 عبدالمنان باجوہ دارالصدر شرقی ب ربوہ

مسل نمبر 49293 میں سفیر احمد باجوہ

ولد ظہیر احمد باجوہ قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 20 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن کوارٹرز صدر انجمن احمدیہ ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-11 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/100 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد سفیر احمد باجوہ گواہ شد نمبر 1 خورشید احمد بھٹی ولد عزیز احمد بھٹی گواہ شد نمبر 2 سید اطہر محمود ولد سید طاہر محمود ماجد

مسل نمبر 49294 میں اعجاز احمد

ولد چوہدری پیر بخش قوم گجر پیشہ پنشنر عمر 45 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-20 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔قومی بچت سرٹیفکیٹ مالیتی -/36 لاکھ روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/16800 روپے ماہوار مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد اعجاز احمد گواہ شد نمبر 1 محمد ارشد قریشی ولد محمد احسن قریشی گواہ شد نمبر 2 خواجہ مبارک احمد ولد خواجہ عبدالرزاق دارالرحمت وسطی ربوہ

مسل نمبر 49295 میں عارفہ اعجاز

بنت اعجاز احمد قوم گجر پیشہ طالب علم عمر 17 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالرحمت وسطی ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-20 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/150 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ عارفہ اعجاز گواہ شد نمبر 1 محمد ارشد قریشی وصیت نمبر 16032 گواہ شد نمبر 2 خواجہ مبارک احمد دارالرحمت وسطی ربوہ

مسل نمبر 49296 میں ملیحہ عنبر

بنت ڈاکٹر تنویر احمد قوم آرائیں پیشہ طالب علم عمر 15 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی برکت ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔طلائی زیور پونے دو تولہ مالیتی -/14400 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/1000 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ ملیحہ عنبر گواہ شد نمبر 1 ڈاکٹر تنویر احمد والد موصیہ وصیت نمبر 28332 گواہ شد نمبر 2 جاوید احمد جاوید وصیت نمبر 22471

مسل نمبر 49297 میں عدنان عمیر

ولد غلام مصطفیٰ قوم وینس پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی برکت ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/200 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد عدنان عمیر گواہ شد نمبر 1 عبدالغفار شاہد ولد ارشاد احمد گواہ شد نمبر 2 ناصر احمد ولد بشیر احمد

مسل نمبر 49298 میں منور احمد

ولد لال دین قوم گجر پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی برکت ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-5-13 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد منور احمد گواہ شد نمبر 1 عبدالغفار شاہد ولد ارشاد احمد گواہ شد نمبر 2 بشارت احمد ولد ملک بشیر احمد

مسل نمبر 49299 میں صبیحہ حیات

زوجہ عمر فاروق قوم مانگٹ پیشہ خانہ داری عمر 29 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی برکت ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-10 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔طلائی زیور 20 تولے اندازاً مالیتی -/180000 روپے۔2۔حق مہر بذمہ خاوند -/40000 روپے۔اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔الامتہ صبیحہ حیات گواہ شد نمبر 1 عمر فاروق خاوند موصیہ گواہ شد نمبر 2 خاور عباس ولد غلام عباس دارالعلوم شرقی ربوہ

مسل نمبر 49300 میں جمیل احمد قمر

ولد خلیل احمد قمر قوم راجپوت پیشہ کارکن عمر 37 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالعلوم شرقی برکت ربوہ ضلع جھنگ بقائمی ہوش و حواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-6-1 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔اس وقت میری جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔اس وقت مجھے مبلغ -/2713 روپے ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔العبد جمیل احمد قمر گواہ شد نمبر 1 شبیر احمد قمر ولد خلیل احمد قمر گواہ شد نمبر 2 شکیل احمد قمر ولد خلیل احمد قمر

مسل نمبر 49301 میں منور احمد بسراء

ولد محمد عزیز بسراء قوم جٹ پیشہ زمیندارہ عمر 68 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن بیلجیئم بقائمی ہوش وحواس بلاجبر واکراہ آج بتاریخ 05-4-4 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔1۔زرعی اراضی 5/ایکڑ واقع جڑانوالہ پاکستان جس میں 3 بہنیں بھی حصہ دار ہیں۔میرے حصہ کی مالیتی اندازاً 12 لاکھ روپے ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/817 یورو ماہوار بصورت الاؤنس مل رہے ہیں۔ اور مبلغ

-/10000 روپے سالانہ آمداز جائیداد بالا ہے۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد منور احمد بسراء گواہ شد نمبر 1 ظہور الٰہی ولد محمد افضل خان گواہ شد نمبر 2 احمد جمال ولد امان اللہ جوئیہ بیلجیئم

مسل نمبر 49302 میں محمد ہمایوں مقصود

